## سوال

(278) قوت مردمی کے بنا پر خاوند کے چھوٹے بھائی سے نکاح کرنا کیسا ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک معمر آدمی آٹھ سال تک پہنچ چکا ہے۔ اوراس کی بیوی کی عمر 35 سال تک ہوگی۔ کچھ عرصہ سے آدمی قوت مردمی سے محروم ہوچکا ہے عورت خاوند سے متنفر ہے اور کئی دفعہ خاوند کے چھوٹے بھائی سے کہہ چکی ہے۔ کہ تم میرے ساتھ نکاح کرلو۔ ورنہ میں کسی غیر کے ساتھ فرار ہوجاؤں گی۔ خاوند طلاق دینے کےلئے تیار نہیں کیا خاوند کا چھوٹا بھائی بدوں طلاق اس عورت کے ساتھ نکاح کرسکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خاوند مذکور کو چاہیے کہ بحکم قرآن مجید۔ لاتمسکوہن ضراراً۔ عورت مذکور کو چھوڑدے۔ اور عورت کو چاہیے کہ خاوند سے علیحدگی کئے بغیر نکاح ثانی نہ کرے۔ ورنہ نکاح جائز نہ ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 281**

محدث فتویٰ